وزیر اعظم کی جمہوریہ ماریشس کے صدر سے ملاقات (11 مارچ 2025)

11 مارچ، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج اسٹیٹ ہاؤس میں جمہوریہ ماریشس کے صدر عالی جناب دھرمبیر گوکھول سے ملاقات کی۔

2. دونوں لیڈروں نے بھارت اور ماریشس کے درمیان خصوصی اور قریبی باہمی تعلقات کو مزید گہرا کرنے پر تبادلہ خیال کیا۔ اس پس منظر میں انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تاریخ اور عوام سے عوام کے مضبوط رابطے کی موجودگی کو بھی یاد کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ماریشس کے قومی دن سے متعلق تقریبات میں دوسری بار مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کرنا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے۔ ایک خصوصی اقدام کے طور پر وزیر اعظم نے صدر گوکھول اور خاتون اول ورندا گوکھول کو او سی آئی کارڈ سپرد کیا۔ وزیر اعظم نے حکومت ہند کے تعاون سے قائم کردہ اسٹیٹ ہاؤس میں آیوروید گارڈن کا بھی دورہ کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ماریشس آیوروید سمیت روایتی ادویات کے فوائد کو آگے بڑھانے میں ہندوستان کا ایک اہم شراکت دار ہے۔

3. اس بات چیت کے بعد صدر گوکھول نے وزیر اعظم کے اعزاز میں ظہرانے کا اہتمام کیا۔

پورٹ لوئس

11 مارچ، 2025